موبائل

عبدالاحد سازؔ

پیدائش : ۱۶/اکتوبر ۱۹۵۰ء　　وفات : ۲۲/مارچ ۲۰۲۰ء

عبدالاحد ساز موجودہ زمانے کے ایک اہم شاعر ہیں۔ وہ ممبئی میں رہائش پذیر تھے۔ ان کی شاعری کے مجموعے 'خموشی بول اُٹھی ہے، 'سرگوشیاں زمانوں کی' اور 'در کھلے پچھلے پہر' مشہور ہیں۔

دور بیٹھے ہوئے لوگ فون پر بات کر لیتے ہیں۔ آج کے فون میں بہت تبدیلی اور ترقی ہوئی ہے۔ ذیل کی نظم میں موبائل کی بعض خصوصیات پیش کی گئی ہیں۔





اپنے ہاتھ میں جادو کی اِک ڈِبیا ہے
جس میں اِک انمول خزانہ رکھا ہے

یادیں ہیں ، آوازیں ہیں ، تصویریں ہیں
کچھ نقشے ، کچھ خاکے ، کچھ تحریریں ہیں

دُنیا میں جب جس سے چاہیں ، بات کریں
بھارت میں دِن ، امریکہ میں رات کریں





لمحوں میں طے ہو میلوں ، گھنٹوں کا سفر
ننّھے سے کچھ بٹن دباکر اِدھر اُدھر







بٹن دبانا بھی اب کہاں ضروری ہے
بس اُنگلی سے چھُو لینا ہی کافی ہے

اک جامِ جمشید ہے گویا قبضے میں
علم کا یہ تحفہ ہے ہمارے حصّے میں

کل سپنا تھا لیکن آج حقیقت ہے
اپنی مٹّھی میں موبائل کی قوّت ہے

****

جامِ جمشید – ایران کے بادشاہ جمشید کا بنایا ہوا ایک پیالہ جس میں کہتے ہیں کہ دنیا کے سارے حالات نظر آ جاتے تھے۔

مشق

❄ **ایک جملے میں جواب لکھیے۔**

۱۔ جادو کی ڈبیا میں کیا رکھا ہے؟
۲۔ جادو کی ڈبیا سے کیا مراد ہے؟
۳۔ موبائل میں کون کون سی چیزیں ہوتی ہیں؟
۴۔ موبائل کی مدد سے لمبا سفر کیسے طے ہو جاتا ہے؟
۵۔ موبائل چلانے میں کون سی آسانی ہو گئی ہے؟
۶۔ شاعر نے موبائل کو کیا نام دیا ہے؟

سرگرمی:

۱۔ موبائل کی کسی دکان پر جا کر مختلف قسم کے موبائلوں کا مشاہدہ کیجیے۔
۲۔ موبائل سے اور بھی بہت سے کام لیے جاتے ہیں۔ ان کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیجیے۔